Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 8 Short Questions Preparation

Q1. اچھی درسی کتاب کی دو خصوصیات لکھیں.

Ans 1: 1.یہ نصاب کے بیان کردہ مقاصد سے ہم آہنگ ہوتی ہے. 2.یہ متعلقہ مضمون کی مخصوص سطح پر تدریس کے مقاصد پورے کرتی ہے.

Q2. جائزہ کے عمومی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: تعلم تدریس میں جائزے سے مراد ایسا عمل ہے جس کے ذریعے معلم اپنی تدریس کا اندازہ کر سکتا ہے کہ اس نے جو پڑھایاتھا وہ طلبہ کو کس حد تک سمجھ آیا.

Q3. میڈ نے نصاب کی کیا تعریف کی ہے؟

Ans 1: میڈ نے نساب کی یہ تعریف کی ہے کہ نصاب سکولوں کی تمام سرگرمیں کا احاطہ کرتا ہے.

Q4. نارمن گرون لنڈ کے مطابق پیمائش کیا ہے؟

Ans 1: نارمن گرون لنڈ کے مطابق پیمائش سے مراد وہ طریق کار ہے جس میں وہ درجہ معلوم کیا جاتا ہے جس حد تک کوئی فرد ایک خصوصیت کا مالک ہوتا ہے.

Q5. اچھا نصاب ہمیشہ مقامی ماحول اور قومی اقدار سے ہم آہنگ ہوتا ہے؟بیان کریں.

Ans 1: اچھے نصاب کی اہم ترین خصوصیت یہ ہے کہ وہ مقامی ماحول اور بعد ازاں وسیع تر قومی روایات اور اقدار سے ہم آہنگ اور مربوط ہو،اچھا نصاب ہمیشہ مدرسے کے اردگرد کے مسائل سہولیات سے مناسب طور پر استفادہ کرتا ہے.

Q6. طریقہ تدریس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: نصاب کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے بعد سوال پیدا ہوتا ہے کہ نصابی مواد کو کس طرح طلبہ تک پہنچایا جائے کہ طلبہ اس کو خوشی خوشی قبول کر لیں،معلم جو کچھ پڑھائے وہ طلباء کے ذہن نشین ہو جائے اور جو توقعات ہم طلبا سے رکھتے ہیں وہ بھی پوری ہو جائیں اور نصاب کے طے شدہ مقاصد حاصل ہو جائیں،طلبہ کی دلچسپی اور مواد کی نوعیت کے پیش نظر موزوں تدریسی طریقہ کا انتخاب ضروری ہوتا ہے.

Q7. کورس کے لفظی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: کورس کے لفظی معنی "راستہ" کے ہیں.

Q8. ڈان بلڈ اور ولیم کے مطابق پیمائش سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ڈان بلڈ اور ولیم کے مطابق پیمائش سے مراد وہ کام یا طریق کار ہے جس کے ذریعے ایک خصوصی معیار سے تقابل کے ذریعے کسی شے کی موجودہ حد او مقدار کو ثابت کی جا تا ہے.

Q9. درسی کتب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: درستی کتب دراصل کتابوں کی ہی ایک قسم ہے،تعلیم کے مختلف مدارج میں شامل مضامین کی تعلیم دینے کے لیے مختلف ملک اور معاشرے اپنے نظریات ،سماجی ،تاریخی اور نفسیاتی پش منظر میں ہر مضمون کے لیے علیحدہ علیحدہ نصاب کی تدوین کرتے ہیں.

Q10. فرینک مسگرو کے مطابق تعلیم کی تعریف کیا ہے؟

Ans 1: "فینگ مسکرو کے مطابق تعلیم کی تعریف ہے کہ "نصاب حقیقی زندگی کے تجربات و اعمال کو منخب کر کے واضح کرنے اور رفتار بخشنے کا ذریعہ ہے